# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : مہناز حنظلہ

کلاس 3 کے لئے

# اچّھو میاں کی پتنگ



کہانی اور تصویریں:
صدیقہ بلگرامی

## ٹیچر کیلئے تیاری

- کتاب اچھو میاں کی پتنگ ایک 7 سال کے بچے کے بارے میں لکھی گئی ہے۔ اس مناسبت سے یہ کتاب کلاس 3 کے بچوں کے لئے موزوں ثابت ہوگی۔ اگرچہ کتاب میں استعمال کئے گئے الفاظ اور املے کو مدنظر رکھتے ہوئے بہتر ہوگا کہ اسے سال کے آخر میں متعارف کرایا جائے۔ یہ ٹیچرز گائیڈ 6 سیشن پر مشتمل ہے جس میں سیشن نمبر 3 اور سیشن نمبر 4 طویل دورانیے کے ہیں۔

## سیشن 1

- تعارفی سیشن کیونکہ پڑھ کر سنانے اور سمجھانے پر مشتمل ہوگا اس لئے بہتر ہے کہ ٹیچر پہلے سے ایک پتنگ اور اس کے دوسرے لوازمات منگوا کر رکھیں۔ اس سے کتاب میں استعمال کئے گئے الفاظ مثلاً کنے، چرخی اور ڈور کی اچھی طرح سے وضاحت ہو سکے گی۔ اس سیشن میں کہانی کو پڑھنے کے علاوہ مختلف موسموں اور خاص طور پر بسنت کے موسم پر گفتگو کی جائے گی۔ مثلاً بسنت ہمارے ملک کے کس صوبے میں سب سے زیادہ زور وشور سے منائی جاتی ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

اس کے ساتھ بچوں کی معلومات میں اضافے کے لئے یہ بھی بتایا جاسکتا ہے کہ پتنگ بازی کی ابتداء دراصل ملک چین سے ہوئی جہاں کے باشندوں نے پتنگ ایجاد کی۔

## سیشن 2

- دوسرے سیشن میں کہانی کے مرکزی کردار اچھو میاں کے نام کی طرف بچوں کی توجہ کروائی جائے۔ انہیں اس بات کا علم ہونا چاہئے کہ انگریزی میں جس طرح pet names عموماً اصل نام کو مختصر کر کے بلائے جاتے ہیں مثلاً مائیکل Micheal سے مائیک Mike۔ اس طرح اردو میں بھی پیار کے نام بلائے جاتے ہیں۔ ایسے ناموں کے آگے اکثر کوئی اضافی لفظ لگا دیا جاتا ہے مثلاً منے میاں، چاند بی بی، گڑیا رانی وغیرہ۔

بورڈ پر ان بچوں کے نام لکھے جائیں جن کو گھر میں پیار کے ناموں سے بلایا جاتا ہو۔ بہت ممکن ہے کہ کچھ بچے اپنے نام بتاتے ہوئے جھجھک یا شرم محسوس کریں۔ اس جھجھک کو دور کرنے کے لئے ٹیچر اپنا نام اور کوئی فرضی pet name بورڈ پر لکھ سکتی ہیں۔

## گھر کا کام

- اپنے ابو امی اور گھر کے دوسرے افراد سے ان کے پیار کے نام معلوم کریں۔ بعض اوقات پیار کے نام کسی خاص وجہ سے بھی پڑ جاتے ہیں یا ان کے پیچھے کوئی واقعہ یا حرکت ہوتی ہے۔ اگر اس قسم کا کوئی دلچسپ قصہ ان کے بڑے انہیں سنائیں تو بچوں کو کوپی میں لکھوا کر لانے کو کہیں۔

# سیشن 3

- دوسرے مشکل الفاظ کے ساتھ ساتھ بچوں کی توجہ خاص طور پر اچھو میاں کے نام میں استعمال ہونے والے ''ن غنہ'' کی طرف کروائیں کیونکہ اکثر بچے ایسے الفاظ میں املے کی غلطیاں کرتے ہیں۔ ان کو بتایا جائے کہ ایسے تمام الفاظ جن کی آخری آواز nasal ہوتی ہے یعنی ناک سے نکلتی ہے ان میں ''ن غنہ'' کا استعمال ضروری ہے۔ بچوں کی مدد سے ایسے الفاظ کی ایک فہرست بورڈ پر لکھیں۔

Extra Tips

- ایسے الفاظ کی مدد سے بچوں کے ساتھ کچھ اشعار بھی ترتیب دیئے جا سکتے ہیں۔ مثلاً

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کھڑکیاں | نالیاں | کشتیاں | چھتریاں | تتلیاں |
| آندھیاں | امیاں | مٹھیاں | ندیاں | جمائیاں |

گرم گرم بستر پر سو رہے تھے منے میاں
کھٹ سے امی نے جو کھول دیں ساری کھڑکیاں
وہ اٹھے بستر سے لیتے ہوئے گز بھر کی جمایاں
دیکھا جو کھڑکی سے باہر تو بہہ رہی تھیں ندیاں
چھم چھم کرتی بارش دیکھ کر بجانے لگے وہ تالیاں
دوست ان کے بنا رہے تھے سب کاغذ کی کشتیاں
اور لڑکیاں پھر رہی تھیں لے کر رنگ برنگی چھتریاں
کچھ ہی دیر میں چلنے لگیں زور کی آندھیاں
چھوٹ گئیں ہاتوں سے سب کی چھتریاں
ہوا میں اڑ رہی ہوں جیسے رنگ برنگی تتلیاں
اور پھر بھی جو کڑکیں کڑاکے کی بجلیاں
بھاگے سب گھر کی طرف چھوڑ کر اپنی کشتیاں
زور سے گرجے جو بادل بھینچ لیں سب نے اپنی مٹھیاں
اور ڈھونڈنے لگے سب اپنی اپنی امیاں
گلے سے لگا کر امی نے دیں دو تھپکیاں
اور کہا کھا لو میں نے بنائیں ہیں گرما گرم پکوڑیاں

# سیشن نمبر 4

- کہانی سے متعلق بچوں کو سوال جواب کروائیں مثلاً
- اچھو میاں اپنی پتنگ کو نیچی نیچی کیوں اڑاتے تھے؟

- اچھو میاں کو جو پتنگ پسند آئی آپ کے خیال میں اس کا نام دلہن دار کیوں تھا؟

- اس مناسبت سے بچوں کی تخلیقی صلاحیت کو اجاگر کرنے کے لئے ان میں پتنگ بنانے کا مقابلہ کروایا جائے۔ بچوں کو مکمل آزادی دی جائے کہ وہ اس عمل کے دوران اپنی پسند کی اشکال اور رنگوں کا انتخاب کریں۔ innovation یعنی جدت پسندی کو خاص طور پر اہمیت دی جائے اگر کوئی بچہ three dimensional یا سہہ رخی پتنگ بنانا چاہتے ہیں تو ان کی پوری طرح سے حوصلہ افزائی اور مدد کی جائے۔ ہر بچے سے اپنی اپنی پتنگ کا نام بھی تجویز کروائیں۔

## سیشن 5

- اس کہانی میں چار مرتبہ اچھو میاں کی پتنگ کو کیل پر ٹانگنے کا ذکر کیا گیا ہے۔ بچوں سے پوچھیں کہ آخر اچھو میاں ہر بار پتنگ کو کیل پر ہی کیوں ٹانگتے تھے۔ بچوں کو تاکید کی جائے کہ کسی چیز کی حفاظت کیلئے ضروری ہے کہ اس کے لئے کوئی ایک جگہ مقرر کی جائے تاکہ اس کی حفاظت بھی ہو اور ضرورت پڑنے پر اسے ڈھونڈنا بھی نہ پڑے۔

## گھر کا کام

- ان الفاظ کے معنی معلوم کر کے ان کو جملوں میں استعمال کریں۔
  چاؤ سے۔ منت سماجت۔ ناز ہونا۔ رشک آنا۔ پشیمانی۔ پھولے نہ سمانا

## سیشن 6

- آخری میں کہانی کے مرکزی خیال پر تبصرہ کیا جائے۔ بچوں سے پوچھیں کہ دلہن دار کو اچھو میاں کی بات نہ ماننے اور اپنی بساط سے اونچا اڑنے کا کیا صلہ ملا۔ اس کہانی کی مناسبت سے بچوں کو انگریزی کی ایک کہانی The Whale's tale بھی سنائی جا سکتی ہے۔ جس میں ایک وہیل مچھلی اپنے وجود سے ناخوش سمندر کے ہر دوسرے جانور پر رشک کرتی ہے۔ لیکن جب وہ ان سب جانوروں کو قریب سے جانچتی ہے تو اسے اپنی حالت سب سے بہتر نظر آتی ہے۔

جہاں اس سبق میں قناعت پسندی کی اہمیت پر زور دیا جائے وہاں بچوں کو اس بات کی وضاحت کرنی بھی ضروری ہوگی کہ اونچی اڑان کی خواہش کرنا کوئی غلط بات نہیں۔ البتہ کوئی بھی اونچا مقام حاصل کرنے کے لئے ہمیں پہلے بہت محنت کرنی ہوگی اور اپنے آپ کو اس قابل بنانا ہوگا کہ لوگ ہمیں اس مقام پر برداشت کر سکیں۔

## گھر کا کام

- کتاب کو غور سے صفحہ بہ صفحہ پڑھیں اور دو چشمہ "ھ" اور "ہ" والے الفاظ کو چن کر الگ الگ فہرست بنائیں۔

| | |
|---|---|
| دو چشمہ ھ | ہ |

گھر | دلہن
آنکھیں | نہیں
مانجھے | جہاں
جھکولے | ہیں

- کہانی میں وہ کون سا لفظ ہے جس میں ''حلوے'' والی ''ح'' استعمال ہوئی ہے؟ اس لفظ کو ڈھونڈ کر کلاس میں اس پر مضمون لکھیں۔

# اچھو میاں کی پتنگ

## ٹیچرز گائیڈ


| | |
|---|---|
| جملہ حقوق اشاعت : | بک گروپ، کراچی |
| دوسرا ایڈیشن : | اپریل 2007 |
| مطبع : | جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز |

bookgroup

187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk